روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 4 مئی 2005ء 24 ربیع الاول 1426 ہجری 4 ہجرت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 97

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ جمعہ کینیا سے براہ راست

مورخہ 6 مئی بروز جمعۃ المبارک پاکستانی وقت کے مطابق 3:00 بجے دوپہر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ (صرف آڈیو) ممباسہ، کینیا سے ایم ٹی اے پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیا 2

جلسہ سالانہ کینیا سے خطاب، اہم شخصیات اور عمائدین پر مشتمل استقبالیہ میں شرکت

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

28/اپریل 2005ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر احمدیہ بیت الذکر نیروبی میں پڑھائی۔

آج جماعت احمدیہ کینیا کے چالیسویں جلسہ سالانہ کا پہلا دن تھا۔ مشن ہاؤس سے چند کلومیٹر کے فاصلہ پر پارک لینڈ (Park Land) کے علاقہ میں ایک سکول کے احاطہ میں مارکی اور شامیانے لگا کر جلسہ گاہ تیار کی گئی تھی۔ مارکی کو بینرز سے سجایا گیا تھا۔ سٹیج کو بھی بینرز اور پھولوں سے سجایا گیا تھا۔

جماعت احمدیہ کینیا کی تاریخ میں یہ پہلا ایسا جلسہ سالانہ تھا جس میں خلیفۃ المسیح بنفس نفیس شرکت فرما رہے تھے اور آج کا یہ تاریخی دن اس لحاظ سے بھی بہت اہمیت رکھتا ہے کہ پہلی مرتبہ مشرقی افریقہ کینیا کی سرزمین سے MTA کے ذریعہ جلسہ کے افتتاحی اجلاس کی کارروائی Live نشر کی گئی۔

اس تاریخی جلسہ میں شمولیت کے لئے اور اپنے پیارے امام کی زیارت کے لئے ملک کے طول و عرض سے احمدی احباب مرد و زن، بچے بوڑھے دو روز قبل ہی پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ سب سے بڑا قافلہ ممباسہ سے آیا تھا۔ ممباسہ نیروبی سے 550 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں سے ایک سپیشل ٹرین کے ذریعہ نوصد پچاس افراد جلسہ میں شمولیت کے لئے پہنچے۔ ویسٹرن ریجن سے 17 بسوں پر مشتمل قافلہ 500 کلومیٹر کا سفر طے کر کے نیروبی پہنچا۔ نیانزا سے 7 بسوں پر مشتمل قافلہ چارصد کلومیٹر کے سفر کے بعد نیروبی پہنچا۔ ایلڈیٹ سے بھی تین بسوں پر مشتمل قافلہ آیا تھا۔ اس کے علاوہ کینیا کی دوصد پچاس سے زائد جماعتوں سے احباب جماعت بڑے شوق اور ولولہ کے ساتھ اپنے پیارے امام کے دیدار اور شرف ملاقات کے لئے نیروبی پہنچے۔ کوریا لینڈ، قادیانی ایریا اور کسوموں، شیانڈا، بورا ٹانہ کے علاقوں سے بھی احباب جماعت بڑی تعداد میں جلسہ کے لئے پہنچے۔ جب قافلے جلسہ گاہ پہنچے تو بڑے والہانہ انداز میں نعرہ ہائے تکبیر بلند کر رہے تھے یہ بڑا ایمان افروز منظر تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ کے افتتاحی اجلاس کے لئے پونے گیارہ بجے احمدیہ مشن نیروبی سے پولیس کے سکواڈ میں روانہ ہوئے۔ گیارہ بجے حضور انور جلسہ گاہ پہنچے تو احباب جماعت نے نعرے بلند کرتے ہوئے حضور انور کا استقبال کیا۔ ان لوگوں کی زندگی میں یہ پہلا ایسا جلسہ سالانہ آیا تھا جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس جلسہ میں شرکت فرما رہے تھے۔ احباب کی نظریں حضور انور کے چہرہ مبارک پر مرکوز تھیں۔ آج وہ اپنے آپ کو بے حد خوش نصیب سمجھتے تھے کہ وہ اپنے پیارے آقا کو اپنے سامنے دیکھ رہے ہیں۔ گیارہ بجکر پانچ منٹ پر پرچم کشائی کی تقریب ہوئی۔ حضور انور نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ امیر صاحب نے کینیا کا قومی پرچم لہرایا۔ اس کے بعد جلسے کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور اس کے ترجمہ سے ہوا جو مکرم جمعہ صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ اس کے بعد بشیر احمد بٹ صاحب نے حضرت اقدس مسیح موعود کا پاکیزہ کلام خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

آج کے اس تاریخی جلسہ میں شرکت کے لئے کینیا کے نائب صدر مملکت (وائس پریذیڈنٹ) جناب Mudi Awori بھی تشریف لائے تھے۔ اس سے پہلے کبھی بھی حکام بالا نے جلسہ میں شرکت نہیں کی تھی۔

مکرم وسیم احمد چیمہ صاحب امیر جماعت کینیا نے وائس پریذیڈنٹ کینیا کو خوش آمدید کہا اور استقبالیہ ایڈریس پیش کیا۔ اس کے بعد وائس پریذیڈنٹ جناب Mudi Awori نے حاضرین جلسہ سے خطاب کیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ جماعت احمدیہ کینیا مذہبی لحاظ سے اور ملکی لحاظ سے ایک اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے جماعت کے مختلف کلینکس اور اس وقت کینیا میں تعمیر ہونے والی جماعت کی 68 بیوت الذکر کا ذکر کیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں معلمین کے ٹریننگ سکول کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ کینیا کو اس وقت ایسے لوگوں کی سخت ضرورت ہے جو ملک میں اخلاقی اور تعلیمی معیار کو آگے بڑھانے میں مدد دیں۔

انہوں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا شکریہ ادا کیا کہ حضور کینیا میں تشریف لائے اور برکت بخشی۔

وائس پریذیڈنٹ نے اپنے خطاب میں ملک میں دی گئی مذہبی آزادی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ کینیا کی طرف سے ملک میں ہر مذہب کو اپنے دین کی دعوت کے لئے مکمل آزادی دی گئی ہے۔

اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ کینیا کا افتتاحی خطاب فرمایا۔ جونہی حضور انور خطاب کے لئے ڈائس پر تشریف لائے تو فضا نعروں سے گونج اٹھی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے افتتاحی خطاب میں حقوق اللہ اور حقوق العباد کی طرف توجہ دلائی۔ حضور انور نے عبادت الٰہی اور ذکر الٰہی کی طرف توجہ دلائی اور اپنی زندگیوں میں تقویٰ اختیار کرنے کی تلقین کی۔ حضور انور نے صحیح مسلم کی اس حدیث کا ذکر فرمایا جس میں ذکر ہے کہ فرشتے ذکر الٰہی کی مجالس میں آتے ہیں اور ایسی مجالس میں جو لوگ موجود ہوتے ہیں اور ذکر الٰہی میں مصروف ہوتے ہیں ان کی مرادیں پوری کی جاتی ہیں اور بخشش کے سامان کئے جاتے ہیں۔

حضور انور نے احباب جماعت کو عبادت اور نمازوں کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی۔ والدین کا احترام کرنے اور ان کے حقوق ادا کرنے اور پھر عزیز و اقارب اور رشتہ داروں سے حسن سلوک کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

حضور انور نے ہمسایہ کے حقوق کی طرف بھی توجہ دلائی اور آنحضرت ﷺ کی وہ حدیث بھی پیش فرمائی جس میں آنحضرت ﷺ نے ہمسایہ کے حقوق کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمسایہ کے اتنے حقوق ہیں کہ یوں معلوم ہوتا تھا کہ اسے جائیداد میں وارث بنا دیا جائے گا۔

حضور انور نے احباب جماعت کو توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ آپ سب ضرورت مندوں، حاجتمندوں اور غرباء کا بھی خیال رکھیں اور ان کے حقوق ادا کریں۔ ان سے صرف نظر نہ کریں۔ ان سے ہمدردی کے ساتھ پیش آئیں۔ فرمایا سب عبادت گزاروں اور مذاہب کا احترام کریں۔ ایک دوسرے کے حقوق نہ چھینیں۔ فرمایا یہ جلسے کے دن عبادت، دعاؤں اور ذکر الٰہی میں گزاریں۔ بری باتوں سے بچنے کا عہد کریں۔ خاوند اپنی بیویوں کے حقوق ادا کریں اور بیویاں اپنے خاوندوں کے حقوق ادا کریں۔ مائیں اپنے بچوں کی عمدہ رنگ میں تربیت کریں۔ کل کو اسی نسل نے جوان ہونا ہے اور بچیوں نے مائیں بننا ہے۔ اعلیٰ تربیت کے نتیجہ میں پھر یہ آگے اپنی نسل کی تربیت کرسکیں گی۔

حضور انور نے فرمایا میں جماعت کو بہت عرصہ سے توجہ دلا رہا ہوں کہ آپ جہاں بھی کام کرتے ہیں۔ خواہ افسر ہیں یا ملازم ہیں، تاجر ہیں یا مزدور ہیں۔

بزنس مین ہیں یا تعلیمی میدان میں ذمہ داری ادا کر رہے ہیں۔ آپ جہاں بھی کام کر رہے ہیں۔ دیانتداری سے محنت کرتے ہوئے اپنے کام کا حق ادا کریں اور آپ کا نمونہ ہر ایک کے لئے نہایت اعلیٰ اور

آدابِ فرزندی

ایک دن بچپن میں سر ظفراللہ خاں
گھر میں تھے کہ ان کے والد آ گئے
آتے ہی پوچھا کہ اے لختِ جگر
آج گھر میں کیوں ہو تم بیٹھے ہوئے
کیا طبیعت تو تمہاری ٹھیک ہے
کس لئے چھٹی ہے کی اسکول سے
اٹھو فوراً اور تیاری کرو
جاؤ تم اسکول کو بستہ لئے
خامشی سے حکم والد کا سنا
دھیرے دھیرے مدرسے کو چل پڑے
چھٹی کے دن چل دیئے اسکول کو
حکم کی تعمیل کرنے کے لئے
باپ نے دیکھا کہ وہ اسکول سے
چند گھڑیوں بعد واپس آ گئے
پوچھا بیٹے سے کہ برخوردار کیوں
آ گئے اسکول سے ہنستے ہوئے
''آج تو چھٹی کا دن ہے ابا جان''
بیٹا بولا سر جھکا باپ سے
ہم اسے آداب فرزندی کہیں
یا کرامت اس کو مکتب کی کہیں

عبدالکریم قدسی

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

مکرمہ خالدہ غفور احمد صاحبہ لاہور تحریر کرتی ہیں۔ کہ 22۔اپریل 2005ء کو مکرم مولانا سلطان محمود صاحب انور نے بیت المبارک میں مکرمہ ھبۃ الرحیم مریم صاحبہ بنت مکرم میجر غفور احمد صاحب کا نکاح مکرم ملک انوار الدین صاحب ابن مکرم ملک بشیر الدین خاں صاحب سے تین لاکھ روپے حق مہر پر پڑھا۔ بچی کے والد، عبدالرحیم صاحب شر مار فیق حضرت مسیح موعود کے پوتے اور مکرم خواجہ غلام نبی صاحب سابق ایڈیٹر الفضل کے نواسے ہیں۔ جبکہ بچی کی والدہ مکرم ڈاکٹر سید شفیع احمد محقق دہلوی رفیق حضرت مسیح موعود کی نواسی اور مکرم محمد سعید صاحب انجینئر کی بیٹی ہیں۔ ملک انوار الدین صاحب ملک فقیر اللہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے دردمندانہ درخواست ہے کہ دعا کریں اللہ تعالیٰ یہ رشتہ ہر لحاظ سے جانبین کیلئے مبارک کرے۔ آمین

مکرم لقمان احمد صاحب نائب وکیل المال اول تحریر کرتے ہیں کہ مکرمہ ربیعہ مریم صاحبہ بنت مکرم برہان محمد صاحب کا نکاح مکرم ہمایوں بابر صاحب ابن مکرم ظفر اللہ خان بابر صاحب کے ساتھ مبلغ ایک لاکھ روپے حق مہر پر مورخہ 27مارچ2005ء کو بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھایا۔ محترمہ ربیعہ مریم صاحبہ مکرم مولوی خان محمد صاحب مرحوم سابق امیر ضلع ڈیرہ غازی خان کی پوتی ہیں اور مکرم ہمایوں بابر صاحب مکرم مولانا عبدالرحمٰن مبشر صاحب ڈیرہ غازی خاں کے پوتے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ خدائے ذوالمجد والعطاء یہ رشتہ جانبین کیلئے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ کرے۔ آمین

مکرم عبدالرشید صاحب کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ ربوہ لکھتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم عبدالاعلیٰ صاحب ہالینڈ کا نکاح مکرمہ ریحانہ مناف صاحبہ بنت مکرم عبدالمناف صاحب مقیم ہالینڈ کے ساتھ بعوض پانچ ہزار یورو حق مہر پر محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں ربوہ نے مورخہ 24/اپریل 2005ء کو بیت المہدی گولبازار میں پڑھا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے بہت مبارک فرمائے۔ آمین

معلومات درکار ہیں

خاکسار دادا جان حضرت مولانا محبوب عالم رفیق حضرت مسیح موعود کے حالات زندگی مرتب کر رہا ہے جن احباب وخواتین کے پاس ان سے متعلقہ کوئی دستاویز یا روایت یا کسی بھی قسم کی معلومات ہوں تو خاکسار کو ارسال فرما کر ممنون فرمائیں۔

(عبدالوہاب احمد شاہد کوارٹر نمبر 153 صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

سانحہ ارتحال

مکرم حکیم محمد اسلم فاروقی صاحب دارالفتوح غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے داماد مکرم صلاح الدین خالد صاحب کی والدہ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم چوہدری جلال الدین صاحب مورخہ 25/اپریل2005ء کو جرمنی میں انتقال فرما گئیں۔ آپ کا جنازہ 29/اپریل بعد نماز جمعہ مکرم لئیق احمد صاحب مربی سلسلہ نے پڑھایا۔ وہیں تدفین ہوئی۔ آپ نے اپنے پیچھے پانچ بیٹے اور ایک بیٹی سوگوار چھوڑے ہیں۔ 4 بیٹے اور ایک بیٹی جرمنی اور کینیڈا میں رہائش پذیر ہیں ایک بیٹا جھنگ میں رہتا ہے۔ آپ رشتہ میں مکرم مولانا چوہدری کرم الٰہی صاحب ظفر کی بھتیجی تھیں۔ احباب کرام ان کی مغفرت اور بلندی درجات کیلئے دعا کریں۔

اعلان داخلہ

NEDیونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کراچی نے پوسٹ گریجویٹ ایوننگ پروگرام میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 20 مئی 2005ء ہے۔ جبکہ داخلہ ٹیسٹ 21 مئی 2005ء کو منعقد ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 24اپریل2005ء ملاحظہ کریں۔

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے نیوکلیئر پاور جنریشن اور Indigenization میں پوسٹ گریجویٹ فیلوشپس کا اعلان کیا ہے درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 16 مئی 2005ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 24/اپریل 2005ء ملاحظہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

درخواست دعا

مکرم پروفیسر شیخ عبدالماجد صاحب لاہور کی والدہ محترمہ طویل عرصہ سے بیمار ہیں شفاء کاملہ وعاجلہ دعا کی درخواست ہے۔

مکرم رانا محفوظ احمد صاحب لاہور کی والدہ صاحبہ بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی جلد شفایابی کی درخواست دعا ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا
دورہ کایا ریجن بورکینا فاسو

رپورٹ: ظفر اقبال ساہی صاحب

بورکینا فاسو کا پانچواں بڑا شہر کایا جس کی آبادی 34000 ہزار مرد و زن پر مشتمل ہے اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے دورہ بورکینا فاسو کے دوران 31 مارچ 2004ء کو یہاں تشریف لائے۔

یہاں حکومت کی طرف سے جماعت کو 6375 مربع میٹر قطعہ زمین بیت الذکر اور مشن ہاؤس کے لئے دیا گیا ہے۔ گزشتہ دو سال سے مشن قائم ہے۔ اور اب ایک مضبوط جماعت قائم ہو چکی ہے۔

حضور کی آمد کی خبر

دوسرے شہروں کی طرح کایا شہر میں بھی حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی آمد کی خبر بڑی خوشی اور مسرت سے سنی گئی۔ جہاں جہاں بھی اور جس جس احمدی تک بھی یہ خبر پہنچی وہ خوشی سے پھولے نہیں سماتا تھا۔ پیارے آقا کے دیدار کا سوچ کر ایک عجیب خوشی اور لذت تھی جو ہر کوئی محسوس کر رہا تھا۔ صدقہ جات اور خاص تضرع سے دعاؤں کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا۔ بیوت الذکر میں باقاعدگی سے تہجد کی نماز باجماعت شروع ہوئی۔

اللہ تعالیٰ کی عجیب شان ہے کہ حضور ایدہ اللہ کے دورہ کی خبر کئی دوستوں کو بذریعہ خواب پہلے سے اللہ تعالیٰ نے دے دی تھی۔ صدر جماعت احمدیہ کایا شہر کے بیٹے مکرم معاذ سواڈوگو صاحب نے دو سال قبل خواب میں دیکھا کہ خلیفۃ المسیح الرابع ڈوری کی طرف سے کایا میں داخل ہوئے ہیں اور اس نے یہ خواب خاکسار کو بھی بتائی۔

ڈوری شہر جہاں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ تشریف لے گئے تھے کایا سے 165 کلو میٹر کے فاصلہ پر ہے اور دارالحکومت سے ڈوری جاتے ہوئے کایا سے گزر کر جانا پڑتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کی عجیب شان ہے کہ حضور کے دورہ کا پروگرام اس طرح بنا کہ حضور ڈوری پہلے تشریف لے گئے اور جاتے ہوئے کایا میں قیام نہیں ہوا بلکہ ڈوری سے واپسی پر حضور ڈوری روڈ سے کایا تشریف لائے۔

دوسری خواب مکرم لقمان احمد سواڈوگو نے ایک سال قبل دیکھی جو ان کے لئے قبولیت کا ذریعہ بنی انہوں نے دیکھا کہ ایک بزرگ ہیں جو کہ ڈوری روڈ کی طرف سے آتے ہیں اور ان کو کہتے ہیں کہ امام مہدی آ چکے ہیں اور ان کو قبول کر لو اور وہ ان کے ساتھ ساتھ چلتا ہے اور وہ اس کو مشن ہاؤس لے کر آتے ہیں اس کے ذہن میں اس وقت شدت سے یہ احساس ہے کہ یہ خدا کا خلیفہ ہے جو اس کی راہنمائی کر رہا ہے۔

پھر اس طرح سارغو گاؤں کے ایک خادم نے تقریباً ایک سال کا عرصہ ہوا خاکسار سے یہ خواب بیان کیا کہ حضور کایا شہر میں تشریف لائے ہیں اور بہت بڑا مجمع ہے حضور خطاب فرما رہے ہیں لیکن حضرت خلیفہ رابع نہیں کوئی اور بزرگ ہیں اور اب انہوں نے بتایا کہ وہ خلیفۃ المسیح الخامس تھے۔ یعنی ان کے ذہن میں یہ تھا کہ ہیں تو خلیفۃ المسیح لیکن حضرت خلیفہ رابع نہیں تھے اس نوجوان نے بھی خواب کے ذریعہ بیعت کی اور بہت مخلص احمدی ہیں۔

ایک نئی جماعت جس کو خلافت سے بے پناہ محبت ہے حضور کو اس سے قبل صرف MTA پر دیکھا اور سنا اب براہ راست آپ کا دیدار نصیب ہوا ان کا جذبہ دیکھنے کے لائق تھا۔ ہر کوئی یہی کہتا ہم بہت چھوٹے ہیں کس طرح حضور کا استقبال کریں۔ ان کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں تھی۔

حضور انور کی آمد کی خبر سن کر ہر احمدی میں خدمت جماعت کا بھی ایک عجیب جذبہ پیدا ہو گیا تھا۔ حضور انور کی آمد کے موقع پر جلسہ گاہ کا تمام کام وقار عمل کے ذریعہ کیا گیا جو کہ خدام نے نہایت محنت اور لگن سے کیا اور اس طرح تقریباً ایک ہزار پونڈ کی بچت کی گئی۔

انتظامیہ کا تعاون

محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور احسان سے حکومت کے تمام افسران کے جماعت کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں جب شہر کی اتھارٹیز کو حضور انور کی آمد کی اطلاع دی گئی تو وہ بے حد خوش تھے اور انہوں نے ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا۔ چنانچہ ڈسٹرکٹ ہائی کمشنر نے حضور کی آمد کے سلسلہ میں تین میٹنگز بلائیں جن میں ممبر نیشنل اسمبلی فوج کے ڈویژن کمانڈر پولیس کے ریجنل ڈائریکٹر شہر کے میئر خاکسار اور صدر جماعت کایا نے شرکت کی۔ ان میٹنگز میں خاص طور پر حضور انور کے کایا شہر قیام کے دوران سیکورٹی کے نقطہ نظر سے جائزہ لیا گیا اور اس بارہ میں ایک پروگرام ترتیب دیا گیا جس میں یہ طے کیا گیا کہ ریجن کے 165 فوجی جوان اور 70 پولیس اہلکار شہر کی مختلف جگہوں پر حضور کی آمد کے موقع پر تعینات کئے جائیں گے جس رستہ سے حضور انور کا قافلہ گزرے گا وہ ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بند کر دیا جائے گا۔ شہر کے میئر نے شہر کی تمام سڑکوں کی صفائی کی ذمہ داری لی اور اس طرح ہائی کمشنر نے تمام سرکاری افسران کو ایک سرکلر جاری کیا جس میں حضور انور کی آمد کا تمام پروگرام ان کو دیا گیا۔

علاقہ کے سب سے بڑے
چیف کا تعاون

اس علاقہ کے سب سے بڑے چیف نابا کوانگا کا علاقہ میں بہت اثر اور رعب ہے ان کو بھی حضور انور کی آمد کے موقع پر دعوت دینے کا فیصلہ کیا گیا ان کے بارے میں عاملہ کایا شہر نے خاکسار کو بتایا کہ خدشہ ہے کہ وہ حضور انور کو ملنے نہ آئے کیونکہ روایتاً اگر کوئی اس کے شہر میں آئے تو وہ خود ملنے نہیں آتا بلکہ جو اس کے شہر میں آتا ہے وہ اس کو سلام کرنے آتا ہے۔ حتیٰ کہ بورکینا فاسو کے صدر مملکت بھی جب کایا آتے ہیں تو ہمیشہ پہلے اس کو ملنے جاتے ہیں چنانچہ خاکسار قائد ریجنل اور صدر صاحب کے ساتھ ان کو دعوت دینے گیا جب ہم وہاں گئے اس نے کہا کہ میں نے حضور کو MTA پر دیکھا ہے آپ بے فکر رہیں میں خود ان کے استقبال کے لئے آؤں گا چنانچہ حضور کی آمد کے موقع پر وہ اپنے نائب کے ساتھ حضور کے استقبال کے لئے آئے۔

حضور انور کی آمد

31 مارچ 2004ء کا دن کایا جماعت کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے کایا شہر کے لوگوں کے لئے یہ دن برکتوں اور سعادتوں والا دن ہے۔ کہ خدا کے محبوب خلیفۃ المسیح کے مبارک قدموں کو اس زمین نے چھوا اور ہمیشہ کے لئے اس پر فخر کرے گی۔

حضور انور ٹھیک پونے تین بجے کایا شہر پہنچے۔ انتظار میں کھڑی پولیس اور فوج کی گاڑیوں نے حضور انور کے قافلہ کو اسکارٹ کیا آگے پولیس کی گاڑی تھی جس میں خود ریجنل ڈائریکٹر پولیس موجود تھے آخر پر فوج کی گاڑی تھی جس میں ریجنل کمانڈر خود موجود تھے جس رستہ سے حضور کے قافلہ نے گزرنا تھا وہ پہلے سے ہی ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بند کر دیا گیا تھا۔

حضور انور پہلے ہوٹل Kazande تشریف لے گئے جہاں پر شہر کی اہم شخصیات حضور کے استقبال کے لئے موجود تھیں۔ پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ نے سب کو ازراہ شفقت شرف مصافحہ بخشا اور پھر چار بجے شام بیت الذکر کے افتتاح کے لئے تشریف لے گئے اور نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں اور ساتھ ہی بیت کا افتتاح عمل میں آیا۔ بیت کے سامنے وسیع میدان میں جلسہ گاہ بنائی گئی تھی جہاں صبح سے ہی جلسہ جاری تھا۔ نماز ظہر و عصر کے بعد حضور انور نے مشن ہاؤس کے سنگ بنیاد کے بعد دعا کروائی اس کے بعد حضور جلسہ گاہ کے سٹیج پر تشریف لائے تو جلسہ گاہ نعرہ تکبیر کے نعروں سے گونج اٹھی احباب حضور کی آمد کا صبح سے بڑی شدت سے انتظار کر رہے تھے۔ اپنے آقا کو دیکھتے ہی شدت جذبات سے احباب جماعت کی محبتوں کے بند ٹوٹ گئے اپنے محسن کو ایک نظر دیکھنے کے لئے کچھ عجیب سماں بندھ گیا۔ اور بعض تو اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔

حضور کا خطاب کیا تھا، انسانیت کی محبت میں ڈوبے ہوئے دل کی آواز تھی جو ہر آن اپنے پیاروں کے لئے تڑپتا ہے اور ایک احمدی کی معمولی تکلیف کو بھی اپنے دل سے لگا لیتا ہے اور بے تاب ہو جاتا ہے۔

خطاب کے بعد حضور ہوٹل تشریف لائے اور عصرانہ میں شرکت کی جو جماعت احمدیہ کایا کی طرف سے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اعزاز میں دیا گیا۔ عصرانہ کے آخر پر دعا سے قبل علاقہ کے سب سے بڑے چیف نابا نے حضور کی خدمت اقدس میں تحفۃً روایتی تیر کمان پیش کیا تیر کمان پیش کرنے پر حضور نے ازراہ تفنن فرمایا کہ یہ ہاتھی کے شکار کے لئے ہے تو چیف نے کہا نہیں حضور آپ کی حفاظت کے لئے ہے۔ دوسرا تحفہ اس نے ایک Hand Bag پیارے آقا کی خدمت میں پیش کیا جس پر بڑی خوبصورتی سے حضور کا نام لکھا ہوا تھا۔ تحفہ پیش کرتے ہوئے چیف نے کہا کہ یہ قرآن مجید اور دوسرے متبرک کاغذات رکھنے کے لئے ہے۔ جب حضور استعمال فرمائیں گے تو مجھے بھی ثواب ملے گا۔ حضور نے تمام معززین شہر کو شرف مصافحہ بخشا اور آخر پر گروپ فوٹو اور دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

حضور انور کے اس دورہ نے بڑے گہرے اور زندگی بخش اثرات چھوڑے ہیں۔ جب حضور انور جلسہ گاہ تشریف لائے تو اس وقت شدید دھوپ تھی اور بہت سے لوگ پنڈال سے اٹھ کر سٹیج کے دائیں اور بائیں اکٹھے ہو گئے۔ ان سے کہا گیا کہ جلسہ گاہ کے اندر چلے جائیں سخت دھوپ ہے، گرمی ہے۔ تو لوگوں نے کہا کہ نہیں رہنے دیں ہم دھوپ برداشت کر لیں گے لیکن قریب سے ہمیں دیدار کرنے دیں۔

اسی طرح ایک 70 سالہ بزرگ کو خاکسار نے دیکھا کہ وہ بہت رو رہا ہے۔ آخر پر جب اس سے دریافت کیا گیا کہ کیا بات ہے تو اس نے کہا کہ آج میں نے خدا کا محبوب آدمی دیکھ لیا ہے۔ میری زندگی کی تمام خواہشیں پوری ہو گئی ہیں۔ یہ تو خدا کا آدمی ہے۔

اسی طرح علاقہ کے سب سے بڑے چیف جن کے بارہ میں ہمیں خدشہ تھا کہ وہ شائد اپنی لوکل روایت کے تحت نہ آئیں وہ نہ صرف استقبال کے لئے آئے بلکہ صرف حضور کو دوبارہ دیکھنے کے لئے ہسپتال کی اختتامی تقریب میں 100 کلو میٹر کا فاصلہ طے کر کے تشریف لائے۔

اس کے بعد 120 مختلف گاؤں کے چیفس کے سامنے انہوں نے اپنا فوٹو حضور کے ساتھ ایک اپنی روایتی میٹنگ میں دکھایا اور سب کو بتایا کہ ان کو ملنا کوئی معمولی بات نہیں یہ میرے لئے بے حد فخر ہے کہ میں ان سے ملا۔

حضور کی آمد نے ہماری زندگیوں کو جلا بخشی اور حقیقت بھی یہی ہے کہ پیارے آقا کی آمد نے ہر

(باقی صفحہ 6 پر)

زبان ایک ہے اور سننے کے لئے خدا نے دو کان دیئے ہیں

اچھا سامع ہونا اور کسی کی بات کو حوصلے سے سننا انسان کی ایک بہت بڑی صفت ہے

مکرم حنیف احمد محمود صاحب

31 دسمبر 2004ء کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ''بیت السلام'' فرانس سے جو خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس میں نظام جماعت، نظام خلافت کی اہمیت، افادیت اور برکات کا ذکر کرتے ہوئے عہدیداران جماعت کی ذمہ داریاں بھی بیان فرمائیں اور احباب جماعت کے ساتھ پیار اور محبت سے پیش آنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا:

''اپنے خلاف بھی اگر شکایت ہو تو سننے کا حوصلہ ہونا چاہئے'' (روزنامہ الفضل 4 جنوری 2005ء)

اس معاملہ پر سوچتے ہوئے ایک وسیع مضمون ظاہر ہونے لگا اور سماعت کے حوالہ سے دینی تعلیم کے بہت سے پہلو سامنے آئے۔ جن کا تعلق انسان کی اپنی تربیت سے لے کر اردگرد معاشرے میں بسنے والے عزیز و اقارب، دوست احباب کی تعلیم و تربیت سے ہے۔ اگر انسان کی سماعت ان معنوں میں اچھی ہو کہ وہ دوسرے کی بات مکمل طور پر سننے کا حوصلہ رکھتا ہو۔ وسیع القلب ہو تو وہ ایک اچھا منتظم بھی ہے۔ اگر مرد ہے تو اچھا خاوند، اچھا باپ، اچھا سسر، اچھا بھائی اور اچھا بیٹا ہے۔ اور اگر عورت ہے تو اچھی بیوی، اچھی ماں، اچھی ساس، اچھی بہن اور اچھی بیٹی بھی ہے۔ کیونکہ حوصلے سے کسی کی بات سننا انسان کی ایک بہت بڑی صفت ہے ایک وصف ہے ایک خوبی ہے۔ جو انسان کے بڑے پن کا اظہار کرتی ہے۔ بعض انسان اتنے تھوڑے حوصلے کے واقع ہوئے ہیں کہ کسی کی بات دھیان سے سننا تو درکنار اپنی بات تو پوری کہہ دیتے ہیں۔ اور جب سننے کی باری آتی ہے تو مخاطب کو اپنی بات پوری بھی نہیں کرنے دیتے۔ فوراً ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بیچ میں بات ٹوک دیتے ہیں۔ اگر ٹوکتے نہیں تو اتنے بے چین ہوتے ہیں کہ ان کے چہرے کے اثرات یا برتاؤ سے اندازہ ہو رہا ہوتا ہے کہ ان کو مخاطب کی بات ناگوار گزر رہی ہے اور یہ کچھ کہنے کو بے چین ہیں۔ ایسے لوگ یہ بھول جاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بولنے کے لئے زبان ایک دی ہے اور سننے کے لیے کان دو۔

مگر دیکھا یہ گیا ہے کہ انسان بولتا زیادہ ہے اور سنتا کم ہے۔ اسی لئے روزمرہ کے ماحول میں ایک دوسرے کو یہ کہتے ہوئے ہم عام سنتے ہیں کہ یہ سنتا ہی نہیں، بہرہ معلوم ہوتا ہے۔ ایک دفعہ نہیں لاکھ دفعہ کہا ہے مگر یہ سنتے ہی نہیں۔

ع

سنتے نہیں غریب کی یہ بد گمان دو

سنپسریشن ایک آرٹ ہے۔ اس کے ماہر کہتے ہیں کہ اچھا سامع ہونا کامیاب مقرر اور منتظم کی پہلی ضرورت اور شرط ہے۔ روزانہ دنیا بھر کے مختلف دفاتر میں سینکڑوں ہزاروں سائل اپنی مشکلات اور مسائل کے حل کے لئے جاتے ہیں۔ اگر ان کی بات توجہ سے، حوصلہ مند طریقے سے سن لی جائے تو ان کو حوصلہ ملتا ہے یوں لگتا ہے کہ ان کی آدھی شکایت ہی دور ہو گئی ہے۔ ہم اس تجربہ کو روزمرہ کی زندگی میں ایک اور پہلو سے بھی مشاہدہ کرتے ہیں کہ ہم بطور مریض کے ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں یا کسی مریض کو لے کر معائنہ کے لئے ڈاکٹر کے پاس جائیں تو اگر ڈاکٹر ہماری بیماری کو دھیان و غور سے سن لے تو یوں لگتا ہے جیسے آدھی بیماری ہماری بات ڈاکٹر صاحب کے بغور سننے سے دور ہو گئی۔

اس نے جلتی ہوئی پیشانی پہ جب ہاتھ رکھا
روح تک آ گئی تاثیر مسیحائی کی

سماعت کی گویائی پر اس قدر فوقیت اور اس کی اہمیت کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ روزمرہ ماحول اور زیادہ تر توجہ گویائی کی طرف دی جاتی ہے۔ زندگی کے آداب پر مشتمل کتب دیکھ لیں تو گفتگو کے آداب تو ہر کتاب میں ملتے ہیں مگر سماعت کے آداب موجود نہیں۔ اخبارات میں مضامین یا آرٹیکلز کے حوالہ سے نگاہ ڈالیں تو یہی مضمون ملتا ہے کہ گفتگو کیسے کی جائے۔ معاشرے میں مذہبی رہنماؤں اور خطیبوں کی تقاریر کو لے لیں تو ان کا بھی زیادہ تر رجحان اسی طرف دکھائی دیتا ہے کہ پبلک کو بتلایا جائے کہ آپ نے گفتگو کرتے وقت کون کون سے پہلو اور آداب مدنظر رکھنے ہیں۔ مگر ایک اچھا سامع ہونے کی جو صفت انسان کی ہے اور ہونی بھی چاہئے اس کی طرف توجہ بہت کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے اور عمل بھی اس کے برعکس ہے۔ آجکل الیکٹرانک میڈیا میں ٹی وی کے مختلف چینلز ناظرین کی دلچسپی کے لئے مختلف طبقہ ہائے فکر کے مذہبی رہنماؤں، سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈروں، مختلف سوسائٹیز سے تعلق رکھنے والے خواتین و حضرات کو بحث و مباحثہ کے لئے ایک پلیٹ فارم پر جمع کرتے ہیں۔ اور یہ اکثر دیکھنے کو آیا ہے کہ ایک فریق اپنا نقطہ نظر تو فراخ دلی سے بیان کر دیتا ہے اور سمجھتا ہے کہ اس کو سننے کے لئے مقابل فریق کے پاس بھی وافر طور پر وقت موجود ہے اور ناظرین کے پاس بھی۔ مگر جب فریق ثانی کی باری آتی ہے تو پھر فریق ثانی کی بات کو مکمل بھی نہیں کرنے دیتا اور گفتگو کے بیچ میں ہی الجھ پڑتا ہے۔ بڑے لیول پر ملکوں کی سطح پر دیکھیں تو بڑا ملک چھوٹے ملک پر ظلم ڈھانے کے لئے اپنا موقف بیان کیے جا رہا ہوتا ہے۔ اور اسے مدمقابل ممالک پر لاگو کرنے کی کوشش میں ہوتا ہے۔ اور ان چھوٹے ممالک کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے خواہ وہ درست ہی ہوں کم سنتا ہے اور نظرانداز کر جاتا ہے۔ اور معاشرہ میں بھی سنی ان سنی کرنے کی یا اپنی بات بزور بازو لاگو کرنے کی برائی بڑی تیزی سے اپنی جڑیں مضبوط کر رہی ہے۔ مثلاً بعض دفعہ Status میں ذرا کم درجہ کے لوگ جب بڑی محفلوں میں بڑے لوگوں کے ساتھ بیٹھتے ہیں تو اپنی بڑائی اور اپنا بڑا پن ظاہر کرنے کے لئے بولنا شروع کر دیتے ہیں۔ حالانکہ اُس بزرگ یا بڑے کی باتوں کو سننا بھی تو اپنی ذات میں بڑا پن ہے۔ اولیاء اور صوفیاء کی تین خصلتیں جو بیان کی جاتی ہیں ان میں سے ایک کم بولنا ہے۔ اور یہ دیکھا گیا ہے کہ بڑے لوگ ہمیشہ بولتے کم ہیں اور سنتے زیادہ ہیں اور اِدھر اُدھر کی باتیں سن کر ہی کسی فیصلہ اور نتیجہ پر پہنچ جاتے ہیں۔ میٹنگز میں تو بعض اوقات دوست بلاوجہ بولنا شروع کر دیتے ہیں اور ہدایات دی جا رہی ہوں تو درمیان میں بول کر بات کاٹ ڈالتے ہیں یا اگلے کی بات کے اثر کو زائل کرنے کے لئے بعض لوگ درمیان میں بول پڑتے ہیں۔ اور کہہ دیتے ہیں کہ جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہیں ہمیں معلوم ہے۔ ہاں اگر آپ سے مشورہ یا رائے مانگی جائے تو ضرور دینی چاہئے۔ دین حق میں جو شوریٰ کا نظام ہے۔ وہ بھی ہمیں اس خوبی کو اپنانے کی یاد دہانی کرواتا ہے اور دو آدمی بات کر رہے ہوں تو اجازت کے بغیر دخل اندازی سے منع کرتا ہے۔ عدالتوں پر نگاہ ڈالیں تو اکثر کیسز میں وکلاء اپنے مدمقابل وکیل کو بولنے کا موقع ہی نہیں دیتے۔ بسا اوقات جج کو حکماً بولنے سے روکنا پڑتا ہے۔ اور مدمقابل وکیل کی بات سننے پر مجبور کرنا پڑتا ہے۔ اگر طبیعت کے خلاف بات ہو گئی یا خلاف طبیعت کوئی فون آ گیا اور طبیعت پر کوئی بات ناگوار گزری تو فوراً فون بند کر دیتے ہیں خواہ اگلا ابھی بات کر ہی رہا ہو۔ پھر ایک بات جس کا تعلق بظاہر سماعت سے نہیں ہے مگر اس کا ایک حصہ ہی ہے وہ یہ ہے کہ بسا اوقات کسی کو کوئی تحریر یا خط اس کی طبیعت کے منافی ملتا ہے تو جذبات کھو دیتا ہے اور غلط قسم کے تاثرات کا اظہار کر دیتا ہے۔

گھروں میں میاں بیوی، ماں بیٹی، باپ بیٹا، بہن بھائی، ساس بہو میں سنی ان سنی کرنے کا رواج عام ہے۔ بیوی کو یہ شکایت رہتی ہے کہ میاں بات ہی نہیں سنتے۔ میاں، بیوی کے متعلق یہ کہتا ہے کہ یہ تو بولتی رہتی ہے میں کیا سنوں۔ بچے ماں باپ کی باتوں کو یہ کہہ کر سنی ان سنی کر دیتے ہیں کہ یہ تو دقیانوسی لوگ ہیں پرانے زمانوں کی باتیں کرتے ہیں اور ماں باپ بچے کی بات نہیں سنتے کہ ان کو دنیا کی اونچ نیچ کا کیا علم؟ ساس بہو کے جھگڑے میں بھی یہ فیکٹر کارفرما ہے۔ ساس کہتی ہے کہ میں تو تجربہ کار ہوں۔ زندگی کی کئی بہاریں دیکھ چکی ہوں۔ یہ کل کی چھوکری ہے اسے کیا پتہ۔ وہ سنی ان سنی کر جاتی ہے اور بہو کی بات کو وقعت نہیں دیتی۔ بہو، ساس کی بات یہ کہہ کر نظرانداز کر دیتی ہے کہ یہ تو پرانے زمانے کی باتیں کرتی ہیں اس کو کیا سننا ہے۔ افسر اور ماتحت میں بھی کچھ ایسی ہی بات ہے۔ ماتحت اکثر افسر کی بات کو یہ کہہ کر ٹال دیتا ہے کہ یہ تو بولتا ہی رہتا ہے اس کی کون کون سی باتیں سنیں۔ اور حکومتی عہدیداران، افسران، نمائندگان اور کونسلر حضرات سے ان کے عوام کو یہی شکایت رہتی ہے کہ ہم اپنی ضروریات کا اظہار کرتے ہیں اور یہ لوگ ہماری بات کو سنتے ہی نہیں۔ اور عوام کی شکایات روزانہ ہی میڈیا اور اخبارات کے ذریعہ بغرض اصلاحات ان تک پہنچائی جاتی ہیں۔ مگر وہ کان ہی نہیں دھرتے۔

کسی کی تعریف کرنا تو درکنار بعض لوگ کسی کی تعریف سننا بھی پسند نہیں کرتے۔ اس گروہ سے تعلق رکھنے والوں کا حوصلہ بہت پست ہوتا ہے اور وہ اپنے علاوہ کسی کو درست خیال نہیں کرتے۔ اور ہمیشہ غصہ کا اظہار کر دیتے ہیں اور بھول جاتے ہیں کہ پہلوان وہ نہیں جو دوسروں کو پچھاڑے بلکہ وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو پاتا ہے اور سچے ہو کر جھوٹے کی طرح تذلل اختیار کرتا ہے۔

الغرض سنی ان سنی کرنے کا رواج معاشرے میں عام ہے اور نچلی سطح سے لے کر اوپر کی سطح تک بتدریج پایا جاتا ہے۔ آخر اس کا حل کیا ہے۔ اس بارہ میں دینی تعلیم کیا ہے۔ آئیں دیکھتے ہیں کہ دین حق ہمیں اس بارہ میں کیا تعلیم دیتا ہے۔

دینی تعلیمات

اس ضمن میں ہم جب قرآن کریم کا بغور مطالعہ کرتے ہیں تو قرآن کریم میں مومنوں اور متقیوں کی یہ صفت واشگاف الفاظ میں بیان ہوئی ہے۔ کہ وہ ہر آن یہ کہتے ہیں **سمعنا و اطعنا** کہ ہم نے احکامات کو سنا اور ان کی اطاعت کی اور اس مضمون کو دسیوں جگہ بیان فرما کر مومنوں کو بار بار احکامات الٰہی پر کان دھرنے اور اطاعت کی نصیحت فرمائی گئی ہے اور ساتھ ہی یہ تلقین بھی ملتی ہے کہ

کہ اے مومنو! ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے کہا ہم نے سنا لیکن وہ سنتے نہیں۔

(الانفال:22)

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے کافروں اور منافقوں کی یہ علامت بیان فرمائی **وھم لا یسمعون** اور آخری روز اپنی اس کمزوری اور خامی کا ذکر کرتے ہوئے حسرت سے وہ کہیں گے:

اگر ہم غور سے سنتے یا عقل سے کام لیتے تو ہم آگ میں پڑنے والوں میں شامل نہ ہوتے۔

(الملک:11)

جبکہ مومنوں کی صفت اور خصوصیت ان الفاظ میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرمادی کہ

اے ہمارے رب یقیناً ہم نے ایک منادی کرنے والے کو سنا جو ایمان کی منادی کر رہا تھا کہ اپنے رب پر ایمان لے آؤ پس ہم ایمان لے آئے۔

(آل عمران:194)

گویا اطاعت کو اللہ تعالیٰ نے سماعت کے ساتھ باندھ دیا ہے۔اس مضمون کو اس رنگ میں بھی ادا کیا جا سکتا ہے کہ دین کا خلاصہ تقویٰ ہے اور تقویٰ کا خلاصہ اطاعت ہے اور اطاعت کا خلاصہ سماعت یعنی احکامات الٰہی پر کان دھرنا ہے۔مذہب کی تاریخ میں بھی کانوں کی بہت اہمیت بیان ہوئی ہے جب بنی اسرائیل کو واسمعوا کی نصیحت کی گئی تو انہوں نے کہا کہ ہم اطاعت نہیں کریں گے اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات میں صفت السمیع بیان فرما کر ایمان لانے والوں کو توجہ دلائی کہ تمہاری پکار کو میں سنتا بھی ہوں۔اسی طرح بتوں سے تقابلی موازنہ کرتے ہوئے فرمایا کہ

کیا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں۔

(الاعراف:196)

اور اللہ تعالیٰ کے رنگ میں رنگین ہونے کی تلقین ہمیں تخلقوا باخلاق اللّٰہ کے الفاظ میں ملتی ہے۔اس لئے اگر خدا تعالیٰ سنتا ہے اور لازماً سنتا ہے تو ہمیں بھی احکامات الٰہی،فرمودات رسول پر کان دھرنے ہوں گے اور ہم دینی احکام پر کان دھر کر،ان کی طرف کما حقہ دھیان دے کر اطاعت کے اعلیٰ مقام کو حاصل کر سکتے ہیں اور یوں ہم اخلاق حسنہ کو اپنا لیں گے اور اخلاق سیئہ سے بیزاری کا اظہار کریں گے۔ اگر ایسا ہوگا تو ہمارے اندر دوسروں کی بات کو بھی حوصلہ سے سننے اور برداشت کرنے کا مادہ پیدا ہوگا۔اور معاشرہ میں حسن نظر آنے لگے گا۔

کیونکہ ہم نے دیکھا ہے کہ اخلاق حسنہ میں سے زیادہ تر اخلاق کا تعلق اچھا سامع ہونے سے ہے اور اخلاق سیئہ میں سے زیادہ تر کا تعلق زبان سے ہے جیسے جھوٹ،کذب گوئی،جھوٹے وعدے کرنا،چغل خوری،عیب جوئی،سخت زبانی،دورنگی باتیں کرنا،لغو باتیں کرنا،گالی گلوچ کرنا،افشائے راز کرنا،احسان جتانا اور تکبر وغرور وغیرہ وغیرہ۔

بات کہنے کا سلیقہ ہو اگر انساں میں
دل تو کیا چیز ہے پتھر بھی پگھل جاتے ہیں

گویا بظاہر ان بدیوں کا تعلق زبان سے معلوم ہوتا ہے مگر یہ بدیاں کان سے جب سنی جاتی ہیں تو پھر انسان بسا اوقات کیا اکثر اوقات ٹس سے مس نہیں ہوتا اور اصلاحی اقدام نہیں کرتا اور بے شمار لوگ انہی بدیوں کے سننے کی وجہ سے یا ان بدیوں کو جھوٹ سمجھ کر مزید بدیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور سزا پاتے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ ایک مجرم کو جب اس کے سیاہ کارناموں کی وجہ سے عدالت کی طرف سے سزائے موت سنائی گئی تو سزا سے قبل انتظامیہ نے اُس سے اُس کی آخری خواہش دریافت کی تو اس نے اپنی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ''ماں سے ملاقات'' اور جب تختہ دار پر جانے سے قبل اس مجرم کی ماں سے ملاقات کروائی گئی تو اس نے ماں کے کان میں بات کرنے کی خواہش ظاہر کی اور جب ماں نے بیٹے کی بات سننے کے لئے اپنے کان قریب کئے تو اس بدبخت بیٹے نے ماں کے کان کو چبا ڈالا اور کہا کہ میری ان لغو اور بے ہودہ باتوں (جن کی بناء پر آج مجھے تختہ دار پر لٹکایا جا رہا ہے) کی شکایت جب یہ دو کان سنتے تھے تو ان پر جوں تک نہیں رینگتی تھی۔اگر میری ماں نے ان دو کانوں سے میرے غلط کام اور میری غلط کاریوں کو سن کو میری اصلاح کے لئے قدم اٹھایا ہوتا تو میں اس تختہ دار پر نہ ہوتا۔آنحضور ﷺ نے انہی برائیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ مومن کی زبان سے دوسرا مومن حفاظت میں ہونا چاہئے۔گویا روحانی دنیا میں سماعت یعنی دوسرے کی بات سننے کو ایک مقام حاصل ہے۔روحانی بندے بات کو سنتے اور اسے دل میں اتارتے جاتے ہیں یہاں تک کہ وہ آسمان کے ستارے اور ولی بن جاتے ہیں۔صحابہ رضوان اللہ علیہم کی مثال ہمارے سامنے ہے۔وہ اپنی اسی پیاری اور مبارک عادت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے قرار پائے۔اور رضی اللہ عنہم کا سرٹیفکیٹ ملا۔کیونکہ یہی وہ صحابہؓ تھے جنہوں نے ایک آواز پر گھروں میں پڑے شراب کے مٹکے توڑ دیئے تھے اور انہی میں سے ایک وہ صحابیؓ تھے جنہوں نے جب یہ آواز سنی کہ بیٹھ جاؤ تو وہ مسجد سے باہر ہی بیٹھ گئے۔ اور پرندے کے پھدکنے کی طرح مسجد کی طرف آگے بڑھنے لگے۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم کی تلاوت کے ضمن میں حکماً فرماتا ہے۔

کہ جب قرآن پڑھا جائے تو غور سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ (الاعراف:205)

گویا سننے کو بولتے رہنے پر فوقیت دی گئی ہے۔ اور بڑے لوگ دوسروں کی باتوں کو دو کانوں سے سنتے ہیں اور ساتھ ہی وہ بات ہضم کر جاتے ہیں۔وہ کانوں کے کچے نہیں ہوتے کہ ادھر بات سنی اور ادھر اس کی تشہیر کر دی۔بلکہ وہ اسے امانت سمجھتے ہوئے اپنے پاس محفوظ رکھتے ہیں اور خیانت سے کام نہیں لیتے۔ سورہ النور میں واقعہ افک جو بیان ہوا ہے اور آنحضور ﷺ کو اس واقعہ کی وجہ سے بہت تکلیف اٹھانی پڑی تھی اور حضرت عائشہ کی بریت ایک آیت کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے کی۔اس کی بنیادی وجہ یہی تھی کہ بعض نے اس واقعہ کو ایک دوسرے سے سنا اور آگے بیان کرتے گئے۔

اللہ تعالیٰ نے بھی اس واقعہ کی تفصیل میں بیان فرمایا ہے کہ جب تم نے یہ بات سنی تو کیوں نہ مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنی قوم کے متعلق نیک گمان کیا اور یہ کہہ دیا کہ یہ تو ایک بہت بڑا جھوٹ ہے اور آگے چل کر فرمایا کہ جب تم نے اس بات کو سنا تھا تو فوراً کہہ دیا کہ یہ ہمارا کام نہیں کہ ہم اس بات کو آگے دہرائیں۔اے خدا تو پاک ہے یہ بہت بڑا بہتان ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اس آیت اور اس آیت میں درج نصیحت کی روشنی میں تحریر فرماتے ہیں کہ بری باتوں کا مجالس میں تذکرہ نہیں کرنا چاہئے ورنہ وہی برائیاں لوگوں میں کثرت کے ساتھ پھیل جاتی ہیں جب نوجوان سنتے ہیں کہ ہمارے بڑے بھی ایسے کام کر لیتے ہیں تو ہمیں کیا حرج ہے۔اس لئے قوم کی اصلاح کے لئے اس لطیف نکتہ کو سمجھنا چاہئے کہ جس فعل کو روکنا چاہو تم اس کی تشہیر کو روکو اور بات سن کر بغیر تحقیق کے آگے نہ پہنچاؤ۔

(خلاصہ از تفسیر کبیر جلد 6 صفحہ 274)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے ایک خطبہ فرمودہ 24 نومبر 1989 کو احباب جماعت بالخصوص نوجوان طبقہ کو جن پانچ بنیادی اخلاق کی طرف توجہ دلائی تھی ان میں سے تین کا تعلق میرے اس مضمون سے ہے یعنی 1۔سچائی 2۔نرم زبان کا استعمال اور 3۔وسعت حوصلہ اور حضور نے اس خطبہ میں خدام احمدیت کو یہ نصیحت فرمائی تھی کہ

''مذہبی قوموں کی تعمیر اخلاقی تعلیم کے بغیر ناممکن ہے۔ان (پانچ اخلاق) پر اگر وہ (ذیلی تنظیمیں) اپنے سارے منصوبوں کی بناء ڈال دیں اور سب سے زیادہ توجہ ان اخلاق کی طرف کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کا فائدہ آئندہ سو سال ہی نہیں بلکہ سینکڑوں سال تک بنی نوع انسان کو پہنچتا رہے گا کیونکہ آج کی جماعت احمدیہ اگر ان پانچ اخلاق پر قائم ہو جائے اور مضبوطی کے ساتھ قائم ہو جائے اور ان کی اولادوں کے متعلق بھی یہ یقین ہو جائے کہ یہ بھی آئندہ انہی اخلاق کی نگران اور محافظ بنی رہیں گی اور ان اخلاق کی روشنی دوسروں تک پھیلاتی رہیں گی اور پہنچاتی رہیں گی تو پھر میں یقین رکھتا ہوں کہ ہم امن کی حالت میں اپنی جان دے سکتے ہیں۔سکون کے ساتھ اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر سکتے ہیں اور یقین رکھ سکتے ہیں کہ جو عظیم الشان کام ہمارے سپرد کئے تھے ہم نے جہاں تک ہمیں توفیق ملی ان کو سرانجام دیا۔''

عربی کا ایک بہت مشہور قول ہے لو کان الکلام فضۃ فالسکوت ذھبا کہ اگر کلام چاندی ہے تو خاموش رہنا سونا (Gold) ہے۔

اس ضمن میں ہمارے پیارے آقا سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہمارے لئے نمونہ ہیں آپ کے متعلق شمائل ترمذی میں آتا ہے کہ آپ ہر شخص کی بات سن کر اُس کی دادرسی فرمایا کرتے تھے۔ایک موقعہ پر آپ ﷺ نے صحابہؓ کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے یحییٰ بن زکریا علیہم السلام کو پانچ باتوں کا حکم دیا تھا میں بھی تمہیں انہی پانچ باتوں کی طرف بلاتا ہوں۔ ان میں سے دو کا ذکر ان الفاظ میں ملتا ہے۔السمع والطاعۃ کہ سننا اور اطاعت کرنا۔

گویا دین میں کانوں کی اور اس سے تعلق میں سماعت کی بہت اہمیت ہے۔غالباً یہی وجہ ہے کہ بچے کی پیدائش کے معاً بعد اس کے کانوں میں اللہ اکبر اور خدا تعالیٰ کی وحدانیت کی شہادت کی جو صدائیں بلند کی جاتی ہیں ان کا ایک مقصد دنیا میں آنے والے اس نئے وجود کو یہ بتلانا مقصود ہوتا ہے کہ زندگی میں کامیابی کا ایک گر یہ ہے کہ سنو اور عمل کرو۔اور پھر کان کا اگر دوسرے اعضائے جسمانی سے تقابلی موازنہ کیا جائے تو یہ ایک ایسا عضو ہے جو اپنی ذات میں بے ضرر ہے جبکہ دوسرے اعضاء جیسے زبان، آنکھ، ہاتھ، پاؤں وغیرہ خود اپنا دفاع کرنا جانتے ہیں اور حملہ کرنے کی پوزیشن میں بھی ہیں۔کان کو اپنا دفاع کرنے کے لئے دوسرے اعضاء کا سہارا لینا پڑتا ہے۔جیسے کان نے اپنے خلاف بات سنی تو دفاع کے لئے زبان کا سہارا لے گا یا ہاتھ اور پاؤں کا۔اور پھر کان سے نہ سننے کی سزا کان پکڑوا کر ہی دی جاتی ہے۔دراصل انہیں یہ بتلانا مقصود ہوتا ہے کہ یہ کان سننے کے لئے ہیں تم کو یہ سزا اس لئے دی جا رہی ہے کہ تم نے ہماری بات کو سنا نہیں۔اور اللہ تعالیٰ نے بھی جہاں مختلف اعضاء کے بنانے کا ذکر فرمایا ہے یا ویسے اعضا کا ذکر ہوا ہے وہاں کان اور اس کے تعلق میں سماعت کو سب سے پہلے بیان فرما کر مومنوں کو یہ توجہ دلا دی کہ اللہ کے رسول اور بزرگوں کی باتوں کو سننا بہت ضروری ہے۔جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر ادا کرو۔ (النحل:79)

اور سزا کے حوالہ سے فرمایا:

یقیناً کان اور آنکھ اور دل میں سے ہر ایک سے متعلق پوچھا جائے گا۔ (بنی اسرائیل:37)

گویا اللہ تعالیٰ بھی استاد کی طرح کان کو پکڑ کر جھنجھوڑے گا اور کہے گا کہ یہ کان تمہیں سننے کے لئے دیئے تھے۔اس لئے تم ان کانوں کی وجہ سے پکڑے جا رہے ہو۔

سماعت کے اس سارے فعل میں یہ بات مدنظر رہنی چاہئے کہ جہاں سن کر فوراً عمل کرنے کا حکم ہے وہاں اول سن کر اور بغور سن کر اونچ نیچ کو مدنظر رکھ کر حکمت عملی سے عمل کرنے کی ہدایت ہے۔اور دوم یہ کہ دینی تعلیم کے منافی باتوں پر کان نہ دھرے جائیں۔ ایسی محفلوں میں نہ جایا جائے یا وہاں نہ بیٹھا جائے جہاں دینی تعلیم کے منافی باتیں ہوں۔جہاں اللہ تعالیٰ کی آیات کا استہزاء ہو رہا ہو اس کے بارہ میں حکم ہے کہ جب تم اللہ کی آیات کا انکار ہوتا سنو یا ان سے تمسخر ہوتا دیکھو تو ان لوگوں کے پاس نہ بیٹھا کرو یہاں تک کہ وہ اس کے سوا کسی اور بات میں مصروف ہو جائیں۔

(النساء:141)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''کسی سے جھگڑا نہ کرو،زبان بند رکھو،گالیاں

دینے والے کے پاس سے چپکے سے گزر جاؤ گویا سنا ہی نہیں اور ان لوگوں کی راہ اختیار کرو جن کے لئے قرآن شریف نے فرمایا ہے اذا مروا باللغو مروا کراماً ؎

گالیاں سن کے دعا دو پا کے دکھ آرام دو
کبر کی عادت جو دیکھو تم دکھاؤ انکسار

ہمارے موجودہ امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ

"میں نے جیسے پہلے بھی کہا ہے کہ بعض لوگ صرف باتوں کا مزا لینے کے لئے ایسی مجلسوں میں بیٹھتے ہیں۔ شروع میں صرف سن رہے ہوتے ہیں اور ہنسی ٹھٹھے کی باتوں میں ہنس رہے ہوتے ہیں پھر آہستہ آہستہ عادت پڑ جاتی ہے ایسی باتوں کی اور خود بھی ایسی باتوں میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ نوجوانوں کو خاص طور پر اس سے بچنا چاہیے۔ شروع میں ہی، بچپن ہی سے اطفال میں بھی اور خدام میں بھی یہ عادت ڈالیں کہ کسی کی برائی نہیں کرنی۔"

(خطبہ جمعہ 26 دسمبر 2003ء از الفضل انٹرنیشنل 20 فروری 2004ء)

آخر میں یہ بتاتا چلوں کہ زبان اور کان کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔ اتنا گہرا تعلق ہے کہ میڈیکل سائنس کی تاریخ میں ہم روز مشاہدہ کرتے ہیں کہ جو بچے بہرے ہوتے ہیں وہ گونگے بھی ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن کریم میں صُمٌّ بُکْمٌ کہہ کر اس طرف اشارہ فرمایا ہے اور اس میں بھی صُمٌّ کے الفاظ کو پہلے لایا گیا ہے۔ مگر زبان کو بھی اہمیت حاصل ہے اس سلسلہ میں بھی احتیاط چاہئے۔ اور اس کے تعلق میں جو برائیاں اور اخلاق سیئہ ہیں ان کا ذکر تو ایک الگ مضمون میں ہوگا۔ تاہم ایک کہاوت کا بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ کہتے ہیں پہلے تولو پھر بولو یا پہلے تولو پھر منہ کھولو یعنی سنو اور اس پر غور و فکر کرو دل میں سوچو۔ اس کے بعد ہی کچھ کہنا ہو تو کہو۔ اس مضمون کو ان الفاظ میں بھی بیان کیا جا سکتا ہے۔ کہ سنو اور سناؤ یعنی سننے کو سنانے پر زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ دیکھا یہ گیا ہے کہ جو آج حوصلہ سے اگلے کی بات سنتا ہے۔ آنے والے کل کو لوگ بڑے غور سے اس کی بات سننے کو ترجیح دیتے ہیں اور اگر ہم بھی اس پر عمل شروع کر دیں اور دعوت الی اللہ اور اصلاح و ارشاد میں بھی اس نسخہ کو استعمال میں لائیں کہ دینی باتیں سنیں۔ بیوت الذکر میں نیکی کی باتیں سنیں۔ ایم ٹی اے پر اپنے پیارے امام کے خطبات سنیں اور پھر ان تمام نصائح کو اپنی اپنی توفیق کے مطابق آگے بیان کریں تو یہ معاشرہ آہستہ آہستہ حسین ہوتا چلا جائے گا۔ اور ہم ہی میں سے ایسے لوگ پیدا ہوں گے جن کو جنت کی راہ دکھلائی جائے گی۔ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ کچھ صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ اتنے میں آنحضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن سلامؓ کو سامنے سے آتے ہوئے دیکھا تو فرمایا ایک جنتی آرہا ہے۔ صحابہؓ نے جب حضرت عبداللہؓ کو حضور ﷺ کے ارشاد سے مطلع فرمایا اور وہ خوبی دریافت فرمائی جس کی بناء پر آنحضرت ﷺ نے ان کو جنتی قرار دیا تو آپ نے فرمایا "جس چیز سے مجھے کوئی مطلب نہ ہو میں اس کے پیچھے کوئی تگ و دو نہیں کرتا اور لوگوں کا بدخواہ نہیں ہوں۔"

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

"جب انسان اپنے نفس کو کھو دیتا ہے اور غیر اللہ کی طرف التفات نہیں رہتی اور کسی کو اپنی نظر میں نہیں دیکھتا اور خدا ہی کو دیکھتا اور اس کو ہی سناتا ہے تو پھر خدا تعالیٰ بھی اس کو سناتا ہے۔ مگر وہ لوگ جن کے باوجود یکہ دو کان ہوتے ہیں مگر وہ حرص، ہوا، غصہ، کینہ وغیرہ ہر قسم کی طاقتوں کی باتیں سنتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کی بات کیوں کر سن سکتے ہیں ہاں ایک قوم ہوتی ہے جو باقی سب کو ذبح کر ڈالتے ہیں اور سب طرف سے کانوں کو بند کر لیتے ہیں نہ کسی کی سنتے ہیں نہ کسی کو سناتے ہیں انہیں ہی خدا بھی اپنی سناتا ہے اور ان کی سنتا ہے اور وہی مبارک ہوتا ہے۔"

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 105)

پھر فرماتے ہیں۔

"ہر ایک عضو کے گناہوں سے بچے۔ ہاتھ سے کوئی بدی نہ کرے۔ کان سے کوئی بری بات، چغلی، غیبت، گلہ وغیرہ نہ سنے، آنکھ سے محرمات پر نظر نہ ڈالے۔ پاؤں سے کسی گناہ کی طرف چل کر نہ جاوے"

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے یو۔کے کی لجنہ کے اجتماع کے موقع پر فرمایا "شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والیاں بنو، اس سے مراد آنکھ کان اور منہ وغیرہ بھی ہیں۔ کانوں سے بری باتیں نہ سنو، منہ سے بری بات نہ کرو، آنکھوں سے غلط قسم کے نظارے نہ دیکھو۔ حیا سوز فلمیں بھی اس زمرے میں آتی ہیں .... جب ایک شخص دین کو دنیا پر مقدم رکھتا ہے تو پھر آنکھ، کان، ناک اور منہ وغیرہ کو غیر محل پر کب استعمال کر سکتا ہے۔ جب ایک شخص ادنیٰ درجہ کی نیکیوں کو محتاط طریقے سے بجالاتا ہے تو ادنیٰ درجہ کی نیکیاں خود بخود عمل میں آنی شروع ہو جاتی ہیں۔ قرآن کریم فرماتا ہے کہ مومنوں سے کہہ دے کہ کسی کے ستر کو آنکھ پھاڑ پھاڑ کر نہ دیکھیں اور باقی تمام فروج کی بھی حفاظت کریں۔ غلط قصے کہانیاں اور جھگڑوں کی باتیں نہ سنی جائیں۔ (الفضل 8 مارچ 2004ء)

تبصرہ کتب

غیبت۔ایک بدترین گناہ

نام کتاب: غیبت۔ایک بدترین گناہ
مرتبہ: امتہ الرشید ارسلہ
ناشر: لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی
تعداد صفحات: 80

